**08.05.2025**

**21.15 Hrs.**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شبانہ رحمٰن

**(Music)**

~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~

☆ بھارتی مسلح افواج نے ملک کے شمالی اور مغربی حصوں میں کئی فوجی ٹھکانوں کو نشانہ بنانے کی پاکستان کی کوشش کو ناکام بنادیا ہے۔

☆ اسی شدت کے ساتھ جوابی کارروائی کرتے ہوئے بھارتی فورسز نے پاکستان میں کئی مقامات پر فضائی دفاع کے راڈار نظام کو نشانہ بنایا اور لاہور میں فضائی دفاع کے نظام کو تباہ کردیا۔

☆ پاکستان نے کنٹرول لائن کے اُس پار سے اپنی بلا جواز فائرنگ تیز کردی ہے۔ تین خواتین اور پانچ بچوں سمیت 16 بےقصور افراد کی جان گئی ہے۔

☆ وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے پاکستان کے ساتھ کشیدگی نہ بڑھانے کے بھارت کے ارادے کو دوہرایا ہے اور زور دے کر کہا ہے کہ اگر فوجی حملے ہوتے ہیں تو اِس کا کرارا جواب دیا جائے گا۔

☆ وزیراعظم نریندر مودی نے قومی سلامتی کے تعلق سے تیاری کا جائزہ لینے کے لئے مختلف وزارتوں اور محکموں کے سکریٹریوں کے ساتھ اعلیٰ سطح کی میٹنگ کی صدارت کی۔

☆ اور...... وزیر دفاع نے کہا ہے کہ آپریشن سندور کو کامیابی کے ساتھ چلایا گیا، کیونکہ ہماری مسلح افواج اعلیٰ معیار کے ساز و سامان سے لیس ہیں۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔
~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~

## DEFENCE PAKISTAN

بھارتی مسلح افواج نے آج صبح پاکستان میں کئی مقامات پر فضائی دفاعی راڈار نظام کو نشانہ بنایا۔ وزارت دفاع کے مطابق معلوم ہوا ہے کہ لاہور میں فضائی دفاع کا نظام تباہ ہوگیا ہے۔ وزارت نے بتایا ہے کہ بھارت نے پاکستان کی طرف سے اسی طرح کے حملے کے تناظر میں جوابی کارروائی کی ہے۔

پاکستان نے ڈرون اور میزائل استعمال کرکے شمالی اور مغربی بھارت میں کئی فوجی ٹھکانوں پر حملہ کرنے کی کوشش کی۔ اِن مقامات میں اَونتی پورہ، سری نگر، جموں، پٹھان کوٹ، امرتسر، کپورتھلہ، جالندھر، لدھیانہ، آدم پور، بھٹنڈا، چنڈی گڑھ Falaudi، Uttarlai اور بھُج شامل ہیں۔

مربوط فضائی نظام اور فضائی دفاع کے دیگر نظام کے ذریعے ان کوششوں کو ناکام بنا دیا گیا۔

پاکستان نے جموں و کشمیر میں کُپواڑہ، بارہمولہ، اُڑی، پُنچھ، میندھر اور راجوری سیکٹر میں مارٹار اور بھاری توپخانے کا استعمال کرتے ہوئے کنٹرول لائن کے اُس پار سے اپنی بلا جواز فائرنگ تیز کردی ہے۔ پاکستانی فائرنگ کی وجہ سے تین خواتین اور پانچ بچوں سمیت 16 بے قصور افراد کی جان گئی ہے۔ انھوں نے کہا کہ بھارت نے پاکستان کی مارٹار اور توپخانے کی فائرنگ کو روکنے کے لئے جوابی کارروائی کی۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ بھارتی مسلح افواج نے کشیدگی نہ بڑھانے کے اپنے عہد کو دوہرایا ہے، بشرطیکہ پاکستانی فوج بھی اس کا خیال رکھے۔x

## REV. MEA MoD BRIEFING SINDOOR

بھارت نے زور دے کر کہا ہے کہ 22 اپریل کو پہلگام کے دہشت گردانہ حملے کے واقعے سے کشیدگی شروع ہوئی ہے اور بھارت محض جوابی کارروائی کررہا ہے۔ آج سہ پہر نئی دلی میں آپریشن سندور کے بارے میں ایک خصوصی بریفنگ کے دوران خارجہ سکریٹری وکرم مسری نے کہا کہ بھارت کی منشا معاملات کو طول دینے کی نہیں رہی ہے اور پاکستان میں صرف دہشت گردوں کے ٹھکانوں کو ہی نشانہ بنایا گیا۔

2100- Vikram Misri Esclate

خارجہ سکریٹری وکرم مسری نے کہا کہ دنیا کے مختلف حصوں میں دہشت گردانہ حملوں سے یہ صاف ظاہر ہے کہ پاکستان عالمی دہشت گردی کا مرکز ہے۔

انھوں نے یہ تنبیہ کی کہ پاکستان کی جانب سے کسی بھی طرح کی مزید کارروائی کشیدگی بڑھانے کے سِوا کچھ نہیں اور اِس کا معقول جواب دیا جائے گا۔

خارجہ سکریٹری نے بتایا کہ جب اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں پہلگام حملے پر بات ہورہی تھی، تو پاکستان نے اخباری بیان میں The Resistance Front (TRF) کا تذکرہ کئے جانے کی مخالفت کی تھی۔ جبکہ یہ بات

قابل ذکر ہے کہ TRF پہلے ہی اس حملے کی ذمہ داری قبول کرچکا تھا۔

2100- Vikram Misri Jaish Mohammad

جناب مسری نے کہا کہ پاکستان نے کل پُنچھ میں ایک گرودوارے اور سکھ برادری کے ارکان کو نشانہ بناکر حملہ کیا۔

## JAISHANKAR - IRAN

بھارت نے یہ بات دوہرائی ہے کہ پاکستان کے ساتھ حالات میں کشیدگی پیدا کرنے کا اُس کا کوئی ارادہ نہیں ہے، لیکن اگر فوجی حملے ہوتے ہیں تو اِس کا کرارا جواب دیا جائے گا۔ وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے آج نئی دلی میں ایران کے اپنے ہم منصب سید عباس Araghchi کے ساتھ بھارت - ایران مشترکہ کمیشن کی 20 ویں میٹنگ کی مشترکہ طور پر صدارت کرتے ہوئے یہ بات کہی۔

ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ پہلگام حملے کی وجہ سے بھارت کو سرحد پار دہشت گردوں کے ٹھکانوں پر جوابی کارروائی کرنا پڑی اور یہ کارروائی طے شدہ نشانوں پر متوازن انداز سے کی گئی۔

S/B- 2100- S Jaishankar- Target

## GOVT. ALL PARTY MEETING

سبھی سیاسی پارٹیوں کے رہنماؤں نے دہشت گردی کے خلاف بھارتی مسلح افواج کی جوابی کارروائی کے لئے اُن کی دلیری اور بہادری کی ستائش کی ہے اور ایک آواز میں اپنی حمایت کا اعلان کیا ہے۔ آپریشن سندور کے بارے میں آج نئی دلی میں سبھی پارٹیوں کی میٹنگ بلائی گئی تھی۔ وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے پارلیمنٹ ہاؤس میں اس میٹنگ کی صدارت کی۔ جناب سنگھ نے پاکستان اور پاکستان کے قبضے والے جموں و کشمیر کے علاقے میں دہشت گردوں کے 9 ٹھکانوں پر بھارت کی کارروائی کے بارے میں انھیں جانکاری دی۔x

## PM-HIGH LEVEL MEETING

وزیراعظم نریندر مودی نے مختلف وزارتوں اور محکموں کے سکریٹریوں کو ہدایت دی ہے کہ وہ اپنے کام کاج کا جامع جائزہ لیں اور ضروری نظام کے پختہ انداز سے کام کرنے کو یقینی بنائیں۔ اس کے تحت تیاری، ایمرجنسی اقدامات اور داخلی مواصلاتی طور طریقوں پر خاص توجہ دی جائے۔

جناب مودی نے کہا کہ چونکہ ملک ایک اہم مرحلے سے گزر رہا ہے، اس لئے لگاتار مستعدی، چوکسی، ادارہ جاتی تال میل اور واضح مواصلات کی ضرورت ہے۔ وزیراعظم نے قومی سلامتی، کارروائی سے متعلق تیاری اور لوگوں کی سلامتی کے تئیں سرکار کے عہد کو دوہرایا۔

وزیراعظم نے آج مختلف وزارتوں اور سرکار کے محکموں کے سکریٹریوں کے ساتھ اعلیٰ سطح کی میٹنگ کی صدارت کی۔

ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ قومی سلامتی کے تعلق سے موجودہ حالات و واقعات کے تناظر میں ملک کی تیاریوں اور بین وزارتی تال میل کا جائزہ لینے کیلئے یہ میٹنگ ہوئی تھی۔

V/C Pallavi

آج کی اعلیٰ سطح کی میٹنگ کے دوران سِول ڈیفنس کے نظام کو مستحکم بنانے، غلط معلومات اور فرضی خبروں کا توڑ کرنے کی کوششوں، اہم بنیادی ڈھانچے کی سیکورٹی کو یقینی بنانے اور ریاستی حکام اور دیگر اداروں کے ساتھ قریبی تال میل برقرار رکھے جانے کے معاملے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ جناب مودی نے موجودہ حالات سے نمٹنے کے لئے مختلف وزارتوں کی منصوبہ بندی اور تیاری کا جائزہ بھی لیا۔

ادھر بھارت نے OTT اور میڈیا Streaming پلیٹ فارمس کے ساتھ ساتھ بھارت میں کام کرنے والے دیگر اداروں سے کہا ہے کہ وہ ایسی ویب سیریز، فلمیں اور دیگر پروگرام فوری طور پر بند کردیں، جو پاکستان میں بنائے گئے ہوں۔

اطلاعات و نشریات کی وزارت نے پہلگام کے دہشت گردانہ حملے کے تناظر میں قومی سلامتی کے مفاد کا حوالہ دیتے ہوئے اِن اداروں کو ایک ایڈوائزری جاری کی ہے۔ وزارت نے اُنھیں یہ صلاح دی ہے کہ وہ پاکستانی ویب سیریز، فلمیں، نغمے، پوڈکاسٹ اور دیگر پروگرام دکھانا بلاتاخیر بند کریں۔

## RAJNATH SINDOOR

بھارتی مسلح افواج نے آپریشن سندور میں اعلیٰ معیار کا ساز و سامان استعمال کیا، جس کے نتیجے میں پاکستان اور پاکستان کے قبضے والے جموں و کشمیر کے علاقے میں بڑی تعداد میں دہشت گرد مارے گئے۔ وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے کہا کہ مسلح افواج نے پاکستان اور PoK میں جس طرح دہشت گردوں کے کیمپوں کو تہس نہس کیا ہے، وہ ملک کیلئے بہت فخر کی بات ہے۔ آج نئی دلی میں نیشنل کوالٹی Conclave سے خطاب کرتے ہوئے جناب راجناتھ سنگھ نے مسلح افواج کی کارروائی، اُن کی دلیری اور بہادری کے لئے انھیں مبارکباد دی۔

(2100- Rajnath Attack)

وزیردفاع نے لوگوں کو یقین دلایا کہ ملک کے اقتدار اعلیٰ کا تحفظ کرنے میں سرکار کیلئے کوئی بھی حد رُکاوٹ نہیں بنے گی۔ جناب راجناتھ سنگھ نے کہا کہ بھارت مستقبل میں بھی اسی طرح سے ذمہ دارانہ جوابی کارروائی کے لئے پوری طرح تیار ہے۔

(2100- Rajnath Presicion)

جناب سنگھ نے مزید کہا کہ دفاعی صنعتی دائرے کو وسعت دینے سے بھارت کو بہت تقویت مل رہی ہے۔ وزیر موصوف نے کہا کہ بھارت کی دفاعی برآمدات تقریباً 24 ہزار کروڑ روپے کی ریکارڈ سطح سے تجاوز کرگئی ہیں۔ جناب راجناتھ سنگھ نے بتایا کہ سرکار نے سال 2029 تک دفاعی سامان کی برآمدات بڑھاکر 50 ہزار کروڑ روپے تک لے جانے کا نشانہ طے کیا ہے۔x

## PAK FACT CHECK

بھارت کی جوابی کارروائی کے بعد پاکستان بوکھلاہٹ کا مظاہرہ کرتے ہوئے ڈیجیٹل اسپیس میں غلط معلومات اور فرضی خبریں پھیلانے میں لگا ہوا ہے۔ پاکستان، میڈیا کو گمراہ کرنے اور حقیقت کو توڑ مروڑ کر پیش کرنے کی اپنی دانستہ کوشش میں نام نہاد فوجی فتح کی کہانیاں گھڑ رہا ہے۔ پاکستان سوشل میڈیا پر کھل کر جھوٹی باتیں پھیلا رہا ہے۔

پاکستان اپنی جھنجھلاہٹ میں یہ دعویٰ کررہا ہے کہ اُس نے اپنے میزائل سے بھارت کے فضائی دفاعی نظام کو نشانہ بنایا۔ اُس نے اِس جھوٹ کو پھیلانے کے لئے ماسکو میں ایک فوجی تنصیب پر آگ لگنے کے واقعے کی ایک تصویر جاری کی ہے جو 2023 میں پیش آیا تھا۔ اسی طرح اس نے انڈونیشیا کے ایک ویڈیو کا سہارا لیتے ہوئے یہ دعویٰ کیا ہے کہ بھارتی فوج کی کالونی پر حملہ کیا گیا، جو کہ ایک مضحکہ خیز بات ہے۔

چونکہ پاکستان سوشل میڈیا پر پروپیگنڈہ پھیلانے میں لگا ہوا ہے، اس لئے اِس نازک دور میں ہر جانکاری اور معلومات کی پوری احتیاط کے ساتھ تصدیق کرنے کی ضرورت ہے۔ لہٰذا اگر آپ کو بھی خاص طور پر بھارتی مسلح افواج یا موجودہ صورتحال کے تعلق سے کوئی بھی مشکوک بات معلوم ہوتی ہے تو اس کی اطلاع آپ PIB Fact Check کو ضرور دیں۔ اس کے ساتھ ساتھ آپ Whats App نمبر آٹھ سات نو نو سات ایک ایک دو پانچ نو پر بھی اسے شیئر کرسکتے ہیں یا پھر ای میل آئی ڈی socialmedia@pib.gov.in پر بھیج سکتے ہیں۔x

## PAK STOCK MARKET

پاکستان کے شیئر بازاروں میں گراوٹ کا سلسلہ آج بھی جاری رہا۔ بڑھتی ہوئی کشیدگی کے تناظر میں کراچی اسٹاک ایکسچنج میں کاروبار روک دیا گیا۔ کاروبار بند ہونے سے پہلے وہاں چھ فیصد سے زیادہ کی گراوٹ آئی۔

پہلگام میں دہشت گردوں کے وحشیانہ حملے کے بعد سے اسٹاک ایکسچنج میں لگاتار گراوٹ دیکھی جارہی ہے۔ پاکستان کے کراچی اسٹاک ایکسچنج کا اشاریہ 22 اپریل کے دہشت گردانہ حملے کے بعد سے 13 فیصد سے زیادہ نیچے آچکا ہے۔ اس حملے میں 26 افراد کی موت ہوئی تھی، جن میں زیادہ تر سیاح تھے۔ اسٹاک ایکسچنج کے ایک اور اشاریے میں 14 فیصد سے زیادہ کی گراوٹ آئی ہے۔

مارکیٹ میں مندی کے تناظر میں پاکستان کو بڑھتے ہوئے اقتصادی دباؤ کا سامنا ہے، کیونکہ غیر ملکی ذخائر میں اُس کے پاس صرف 15 ارب ڈالر رہ گئے ہیں اور وہ نظام کے ٹھپ ہونے سے بچنے کے لئے بین الاقوامی مالی فنڈ سے ایک ارب 30 کروڑ ڈالر کا قرض حاصل کرنے کی کوشش کررہا ہے۔x

## FLIGHT CANCELLED

دلی ہوائی اڈے پر آنے والی اور وہاں سے جانے والی تقریباً 90 پروازیں صبح 8 بجے سے دوپہر دو بجے تک منسوخ کردی گئیں۔ اندرا گاندھی بین الاقوامی ہوائی اڈے پر آنے والی تقریباً 33 پروازوں اور وہاں سے روانہ ہونے والی 46 اندرونِ ملک پروازوں کو رد کیا گیا۔

اس سے قبل آپریشن سندور کے تناظر میں جموں، سری نگر، لیہہ، جودھپور، امرتسر، بھُج، جام نگر، چنڈی گڑھ اور راجکوٹ میں کئی اندرونِ ملک پروازیں اس مہینے کی دس تاریخ تک منسوخ کئے جانے کا اعلان کیا گیا تھا۔ x

## UTTARKASHI HELICOPTER CRASH

اتراکھنڈ میں اترکاشی ضلع کے Gangani علاقے میں آج ایک پرائیوٹ ہیلی کاپٹر گرنے کے حادثے میں چھ افراد کی موت ہوگئی، جبکہ ایک شخص زخمی ہوا۔ یہ ہیلی کاپٹر دہرہ دون سے روانہ ہوا تھا اور Kharsali سے جھالا ہرشِل ہیلی پیڈ جاتے ہوئے گر کر تباہ ہوگیا۔

اس ہیلی کاپٹر میں جو لوگ سوار تھے، وہ ممبئی، بریلی، آندھرا پردیش اور وڈودرہ کے تھے۔ مقامی حکام نے بچاؤ کارروائی ختم کردی ہے۔

اتراکھنڈ کے گورنر گُرمیت سنگھ اور وزیراعلیٰ پُشکر سنگھ دھامی نے لوگوں کی موت ہونے پر تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعلیٰ نے اس حادثے کی تحقیقات کا حکم دیا ہے۔ x

## IMD RAINFALL

بھارتی محکمۂ موسمیات IMD نے اگلے چار سے پانچ روز کے دوران شمال-مغربی اور وسطی بھارت میں بارش کا

سلسلہ جاری رہنے کا امکان ظاہر کیا ہے۔ جموں و کشمیر، لداخ، ہماچل پردیش، اتراکھنڈ، پنجاب، ہریانہ، دلی، اتر پردیش، مدھیہ پردیش، مغربی بنگال، چھتیس گڑھ اور راجستھان میں ہلکی سے اوسط بارش ہونے کا امکان ہے۔ IMD نے اگلے پانچ روز کے دوران شمال-مغربی بھارت میں گرج چمک اور بجلی کے ساتھ شدید بارش کی بھی پیشگوئی کی ہے۔×

## RUSSIA CEASFIRE

روس نے یوکرین میں آج 72 گھنٹے کے جنگ بندی کے تحت فوجی کارروائیاں معطل کر دی ہیں۔ اس جنگ بندی کا اعلان، صدر ولادمیر پتن کی جانب سے وکٹری ڈے کے موقع پر کیا گیا ہے۔ Kremlin کے ترجمان دیمتری Peskov نے اِس بات کی تصدیق کی ہے کہ اِس اعلان شدہ وقفے کے علاوہ کوئی نئی ہدایات نہیں دی گئی ہیں۔ انہوں نے اِس بات کا اعادہ کیا کہ اگر یوکرین نے حملے کیے تو روس جوابی کارروائی کرے گا۔ اِس دوران سرکاری خبر رساں ایجنسی TASS کے مطابق، یوکرین فورسز نے منگل کے روز روسی شہروں میں بڑے پیمانے پر ڈرون حملے کیے جنہیں روسی فضائیہ نے ناکام بنا دیا۔×

## BIHAR KHELO INDIA

کھیلو انڈیا یوتھ گیمس میں مہاراشٹر سونے کے 19 تمغوں سمیت 52 تمغوں کے ساتھ تمغوں کی فہرست میں سب سے اوپر ہے۔ کرناٹک سونے کے 10، چاندی کے 15 اور کانسے کے 3 تمغوں کے ساتھ آج دوسری پوزیشن پر رہا۔ جبکہ راجستھان تیسری پوزیشن پر ہے جس نے سونے کے 10 تمغوں سمیت 18 تمغے جیتے ہیں۔

کھیلوں کے پانچویں دن وزن کے مختلف زمروں میں Judo کے تمغوں کی بڑی تعداد کا فیصلہ ہوا۔ لڑکوں کے وزن کے مختلف زمروں میں پنجاب نے آٹھ تمغے جیتے ہیں جن میں سونے کے 2 اور چاندی کے 3 تمغے شامل ہیں۔ اسی طرح دلی نے سونے کے 2 تمغوں سمیت 4 تمغے حاصل کیے ہیں اور خواتین کے Judokas میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے۔

تیراکی میں، Bakstroke، Freestyle اور Medley زمروں میں کئی تمغوں کا فیصلہ کیا گیا۔ 38 میں سے 30 مقابلے مکمل ہو گئے ہیں، جس میں کرناٹک کو سونے کے 10 تمغوں سمیت 26 تمغے ملے ہیں۔ اس کے بعد مہاراشٹر نے 22 جبکہ تلنگانہ نے 9 تمغے حاصل کیے ہیں۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ تمغوں کی فہرست میں مختلف ٹیموں کے لیے کھیلوں کا پانچواں دن اتار چڑھاؤ والا رہا۔ ×

☆☆☆☆